## سوال

(296) نماز کے بارے اگر آپ ایک درس لکھ دیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔

## جواب

*السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ*

نماز کے بارے اگر آپ ایک درس لکھ دیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

*وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ*

*الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!*

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ((اَلَّذِیْ تَفُوْتُہٗ صَلاَۃُ الْعَصْرِ فَکَاَنَّمَا وُتِرَ اَھْلَہٗ وَمَالُہٗ)) 1[''جس شخص سے نماز عصر فوت ہوگئی گویا اس کا سب گھر بار مال و اسباب لٹ گیا۔''] اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : { حَافِظُوْا عَلَی الصَّلَوَاتِ } الآیہ۔ [البقرہ :۲۳۸] [''اپنی سب نمازوں کی حفاظت کرو۔''] اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : { فَخَلَفَ مِنْ م بَعْدِھِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلَاۃَ وَاتَّبَعُوا الشَّھَوَاتِ فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا } [مریم :۵۹] [''پھر ان کے بعد ان کی نالائق اولاد ان کی جانشین بنی جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشات کے پیچھے لگ گئے وہ عنقریب دوزخ کے انجام سے دوچار ہوں گے۔''] اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : { فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلَاتِھِمْ سَاھُوْنَ } [الماعون :۴۔۵] [''پھر ایسے نمازیوں کے لیے ہلاکت ہے جو اپنی نماز سے غافل رہتے ہیں۔''] اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے : { وَالَّذِیْنَ ھُمْ عَلٰی صَلَوٰتِھِمْ یُحَافِظُوْنَ } [المؤمنون :۹] [''اور جو اپنی نمازوں پر محافظت کرتے ہیں۔''] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : ((وَمَنْ لَّمْ یُحَافِظْ عَلَیْھَا کَانَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مَعَ فِرْعَوْنَ وَھَامَانَ وَقَارُوْنَ وَاُبَیِّ بْنِ خَلَفٍ)) 2[''جو نماز کی حفاظت نہ کرے گا وہ قیامت کے دن قارون، فرعون و ھامان اور اُبی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔'']

1 صحیح البخاری کتاب مواقیت الصلاۃ باب من فاتتہ العصر 2 مشکوٰۃ کتاب الصلاۃ الفصل الثالث